نمبر/پی ایل آر اے/آپریشنز/2023/ 1518

پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، حکومت پنجاب

لاہور، مورخہ 18 ستمبر 2023

بجانب:

سروس سنٹر انچارج، اراضی ریکارڈ سنٹرز، در صوبہ پنجاب

عنوان: ہدایات بابت اجرا ٹوکن اور سائلین کا اندراج برائے خدمات فراہمی

اراضی ریکارڈ سنٹرز پر خدمات کی فراہمی کے لیے کورونا کے دوران پری اپوائنٹمنٹ سسٹم کا اجرا کیا گیا جو کہ بعد از اں بھی نافذ العمل ہے۔ مجاز اتھارٹی نے اراضی ریکارڈ سنٹرز پر خدمات کی تیز فراہمی کو یقینی بنانے اور ہیلپ لائن پر بوجھ کو کم کرنے کے لیے پری اپوائنٹمنٹ سسٹم کی جگہ ٹوکن سسٹم دوبارہ لاگو کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ لہذا مندرجہ ذیل ذمہ داریوں پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔

عمومی ہدایات

1. تمام تر سائلان کو بلا تعطل اور بلا تاخیر خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔
2. ٹوکن کے اجرا کو ترجیحی بنیادوں پر یقینی بنائیں۔ تمام آنے والے سائلان کی مکمل رہنمائی کریں اور عملہ کو ہدایت کریں کہ وہ تفویض کردہ فرائض کی انجام دہی میں کسی قسم کی سستی یا غفلت کے مرتکب نہ ہوں۔
3. سروس سنٹر کا عملہ درجہ چہارم ٹوکن کے اجرا کا حصہ نہیں ہوگا یہ کام صرف سروس سنٹر آفیشلز سرانجام دیں گے۔ درجہ چہارم کا عملہ (چوکیدار) صرف قطار کو یقینی بنائے گا تاکہ تمام سائلان اپنی باری پر خدمات حاصل کر سکیں۔
4. سروس سنٹر انچارج وقتاً فوقتاً ٹوکن اجرا کا جائزہ لے گا اور ہدایات پر عمل درآمد یقینی بنائے گا۔
5. سروس سنٹر انچارج اراضی ریکارڈ سنٹر پر ٹوکن اجرا کے لیے کوئی بھی قابل عمل سسٹم (نصب شدہ ٹوکن سسٹم اور سافٹ وئیر ٹوکن سسٹم) رائج کر سکتا ہے۔ ان دونوں کے علاوہ کوئی اور طریقہ کار قابل قبول نہ ہوگا۔
6. تمام تر خدمات کی فراہمی کے لیے نادرا کا جاری کردہ اندر معیاد شناختی کارڈ ہونا لازم ہے۔

پی ایل آر اے، 2 کلو میٹر، مین ملتان روڈ، نز د ای ایم ای۔ ڈی ایچ اے، لاہور
فون: 111-99330110-042 ویب سائٹ: www.punjab-zameen.gov.pk

7. ٹوکن کا اجرا روزانہ اور صبح دفتری اوقات کار کے آغاز سے بلاتاخیر یقینی بنائیں۔ زیادہ رش کی صورت میں دفتری اوقات سے کچھ دیر قبل بھی اجرا کیا جاسکتا ہے تمام ٹوکن اجرا کا روزانہ کی بنیاد پر خدمات کی فراہمی سے موازنہ کریں۔

ہدایات بابت نصب شدہ ٹوکن سسٹم

8. ایسے تمام اراضی ریکارڈ سنٹرز جہاں ٹوکن سسٹم نصب ہے وہ CLRMIS میں ٹوکن کا اجرا کرے گا اور ساتھ ہی ٹوکن مشین سے اسی نمبر کا ٹوکن نکال کر سائل کے حوالے کرے گا۔ کسی بھی طرح کے مینول ٹوکن جاری کرنے کی قطعاً اجازت نہ ہو گی۔

ہدایات بابت سافٹ ویئر ٹوکن سسٹم

9. ایسے تمام اراضی ریکارڈ سنٹرز جہاں سافٹ ویئر ٹوکن سسٹم کام کر رہا ہے وہ CLRMIS میں ٹوکن جاری کر کے اس کا پرنٹ تھرمل پرنٹر سے لے کر سائل کے حوالے کرے گا۔ کسی بھی طرح کے مینول ٹوکن جاری کرنے کی قطعاً اجازت نہ ہو گی۔

مندرجہ بالا ہدایات پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائیں عدم تعمیل کی صورت میں انتظامی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

28/09/23.

ڈائریکٹر آپریشنز

کاپی برائے اطلاع:

i. ڈائریکٹر جنرل، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، لاہور

ii. ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، لاہور

iii. ڈائریکٹرز، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، لاہور

iv. ایڈیشنل ڈائریکٹرز، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، لاہور

v. ڈپٹی ڈائریکٹرز، پنجاب لینڈ ریکارڈز اتھارٹی، لاہور

پی ایل آر اے، 2 کلومیٹر، مین ملتان روڈ، نز د ای ایم ای۔ ڈی ایچ اے، لاہور

فون: 111-99330110-042 ویب سائٹ: www.punjab-zameen.gov.pk